خاتمہ کا مقام کلام فضیلت انسان میں دریائے ناپایان ہے اسقدر سا لکھا گیا ای جمیلہ خاتون وہ اصل اور ہم سا
وجود طفیلی وہ مخدوم اور ہم خادم رہے ہے شرف کہ شریف ہم سے ارادہ وصلت کا کرے اور مخدوم
خادم سے قصد قربت کا رکھے القصہ اس آب و تاب سے انسان کی تعریف کر کے فضیلتوں کا بیان کیا
کہ اوسکا شعلۂ غضب بجھگیا کہنے لگی اچھا اوس بد اطوار بدکردار کا ذکر نہ کیجیو کہ اپنی بیٹی ہرگز اوسی مردون کی
اور ایسے نااہلون کو اپنی دامادی میں کبھی نہ لونگی آخر حسن آرا نے تاج الملوک کی تصویر جمیلہ خاتون کو دکھلائی
اور کہا یہ تصویر شرقستان کے شہزادے کی ہے دیکھو ایسا نقشہ قلم تقدیر نے صفحۂ عالم پر آجتک نہیں کھینچا
اور اس پری زاد کا چہرہ ورق جہان پر دوسرا نہیں بنایا اس باغ گلشن محبوبی کو اوس گل خوبی کے ساتھ لگا
اور اس مہرۂ فلک حسن کو اوس ماہ برج سعادت کی پہلو میں بٹھا القصہ وہ چار ناچار راضی ہوئے
کہنے لگی بہنا اوسکو کہاں ڈھونڈھون اور کس تدبیر سے لاؤں حسن آرا نے کہا تم خاطر جمع رکھو شادی کی
تیاری کرو اوسکو فلانی تاریخ دولہا بنا کر برات سمیت لے آتی ہوں یہ کہکر رخصت ہوئی پل مارتے میں
جزیرۂ فردوس میں آ پہنچے اور یہ ذکر حسن وعدہ شاہزادہ کے آگے کیا پھر وصل کا بندوبست

اونتیسویں داستان تاج الملوک و بکاولی کے بیاہ کی

باغبان اس گلستان کا گل اور بلبل کی موصاحبت یون بیان کرتا ہی کہ جمیلہ خاتون نی جو گفتگو کہ حسن آرا
بین اور اوسمین ہوئی تہی فیروز شاہ سی جا کر اظہار کی اور تصویر شاہزادیکی دی اونی سمندر ویکا ولی
کے پاس بہیجدی کہ یہہ تصویر شمر قتا نکی شاہزادیکی ہی بالفعل اسکا نہین ایسا جوان جہان مین کہین بہین
توکہ آدم زاد کی سودے مین دیوانی ہو رہی ہی اور جان لطیف ابکا کی کثیف کی پیچہی کہو رہی ہی
تیری مرضی ہو تو اسکی ساتہہ بیاہ کردون تیری نسبت مین تو توقع اتنا نہین ایسا شخص کمتر ہوگا
بلکہ پیدا ہونا ہی بہی حرف ہی وہ خوشی خوشی تصویر لیی ہوئی شاہزادی پاس آئی اور بادشاہ کی
زبانی جو حقیقت سنی تہی کہکر سنادی اوس محو جلوہ نازنی اوسکو نگاہ غور سے دیکہا تو اپنی و
دلکی صورت کی مطابق پایا بلکہ خط و خال مین بہی سر مو فرق نہ دیکہا جبین سمجہی کہ یہ کار پردازی اور
نیرنگسازی مین روح افزا کی ہی وہ تہی وہ چہتیلی اپنی قول کی پکی تہی مسکرا کر سمندر ویکا سی کہا
کہ دیکہ تجہی میری سر کی قسم یہ اوسی شخص کی تصویر ہی جسکی خزان غم سی میرا گل نارسیدہ کمہلایا
ہی اور غنچہ نودمیدہ مرجہایا ہی وہ ملاحظہ اسکی بی اختیار ما خوشی کی اوچہل پڑی اور بولی ہان شاہزادی
بیشک یہ تصویر شاہزادیکی ہی تو اب ہنسو بولو خوشیان کرو جو تمہارا مطلب تہا سو خدا نے پورا کیا
یہہ کہکر بادشاہ کے حضور مین آئی اور یون عرض کی کہ حضرت فرزندان کہ آپکے تابع ہین اون کی
سعادتمندی یہی ہی کہ والدین کی مرضی کیخلاف نکرین اور ہر حال مین انکی خوشی کو اپنی خوشی سمجہین
اگر دولہن کے پسند پڑی تو بیٹی اوسکو غلام سمجہو اور جو وہ آیا ہی بیاہ اسکی واسطی تجویز کرین تو
اوسکو ماہ کنعان سمجہی فیروز شاہ اسکی گفتگو سی نہایت شاد ہوا اور شادیکی تیاریکا حکم دیا تمام جزیرہ آرام
کی دوکانون کو نقش و نگارہ سی آرایش دی اندر باہر سے نئی فرش بچہ گئی ناچ رنگ ہونی لگا چار طرف
شادیکی رسوم ہونی لگی جا بجا قمقمی جہمجہائی ہر ایک غول کی غول یار و ظرف سی آئی مجلس نشاط آراستہ
ہوئی شراب پلائی گئی نوبتی بجنے لگی لوگ ضیافتین کہانی لگی فیروز شاہ ہر ایک کو بہت سی

اوسکی الٹ کہا ہی ہین اوس روز سو مجھی کہتی ہی کہ دیو مکار کی مدرسہ لتنا ہین ہمسرح لونڈی کا پڑھتی ہی
آج تو تیری اطوار سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ اس نے اتکو تو یار کی مکتب آغوش ہی مطالب کی کتابون کو بخوبی
مطالعہ کرکے بڑی علامہ ہوئی ہی دیر تک توفی مصدر ملابست کو مختلف صیغون کی ساتھ گردانا اور معاشرت
کے مزید فعلون کو الف وصل سے ربط و باشان نمال اور علامت مفعول کہا نیتی دریا کی اور تجرید سے
اپنے پاؤن باہر رکھی بلکہ خلوت مین قضیہ موجبہ مباشرت کو عکس مستوی بنایا اور اشکال مختلفہ کے
ضروب نتیجہ سے نتیجہ موافق مطلوب کے پایا وصل فصل کا بھی طریقہ لیلیا اور اپنے مثلث کے نقطے پر
خط عمود کو قایم کیا بکاولی یہ سنکر مسکرائی اور کہنے لگی ہو الٹا تمہارے منہ مین پانی کیون بھر آتا ہی مجکو
صاف ان کنایہ آمیز باتون سی معلوم ہوتا ہی کہ تمہارا بھی یہی ارادہ ہی بہتر ہی بہتر مین راضی ہون سے اپنی
وصلی اوس مشتاق کی آگے رکھو پھر اوسکی قلم کی روانگی اور قوت دیکھو کہ کس کس طرح سے جوڑ توڑ لگاتا ہے
اور کیا کیا گل بوٹا بناتا ہی حاصل یہ ہی کہ باہم اسطرح ہنسیان بولیان رہین آخر روح افزا اپنے ماں
باپ سمیت رخصت ہوکر اپنی گہر گئی اور تاج الملوک نے فیروز شاہ کے محل مین جاکر اپنی بود و باش اختیار کی

تاج الملوک اور بکاولی کے رخصت ہونے مین فیروز شاہ اور جمیلہ خاتون سے

ایک روز تاج الملوک نے بکاولی سے مشورت کرکے فیروز شاہ اور جمیلہ خاتون سی رخصت مانگی
اونہون نے نہایت بہتر ہزار غلام قیمتی خلعت اور سیکڑون لونڈیان خوبصورت عنایت کین اور دان
جہیز کے سوا کچھ نقد و جنس اور لوازمہ سفر کا دیا اگر اوسکی تفصیل لکہون تو یقین ہے کہ ایک کتاب اور
بن جائے اسلئے قلم انداز کیا القصہ شاہزادہ بڑی شان شوکت اور جاہ حشمت سی بکاولی کو لیکر اپنی
ملک مین پہنچا باپ اور محمودہ کی جان آئی گئی گشت ہوئی پھر نہانی اوسکا ان کے حق مین
ایسا ہوا جیسے بیمار کے واسطے مسیحا لیکن بکاولی کو جو اس حسن و جمال اور مال و منال سی دیکھا حیران ہو گئے

اٹھتے ہوتے ہوش جاتے رہے ہاتھون کے طوطے اوڑگئے پری نے جو یہ رنگ دیکھا گھبرا کر گلے سے
لگایا دلاسا دیا اور فرمایا کہ تم خاطر جمع رکھو کسیکا اندیشہ نکرو مین تمہارے عیش کے متعلق خلل انداز نہونگی
بلکہ اپنی خوشی پر تمہارے نشاط کو مقدم جانونگی چنانچہ ہمیشہ شیر و شکر کیطرح آپسمین سب کی سب
ملی جلی رہین اور سوتاپے کی جلن کسیکو نہوئی شاہزادہ بھی ان غنچہ دہنون کے ساتھ شگفتگی سے اوقات
بسر کرنے لگا اور عیش و عشرت مین رہنے لگا

اکیسوین داستان بکاولی کے جانے کی راجہ اندر کے اکھاڑے مین اور ناچنا گانا اوسکے حضور مین اور تفرقہ پڑنا تاج الملوک مین اور اوس مین

اہل ہند کی کتابوں میں یوں لکھتے ہیں کہ امرنگر نام ایک شہر تھا ہے وہاں کے باشندے ہمیشہ زندہ رہتے
ہیں اور راجہ اندر وہاں کا راج کرتا ہے دیوتا اور پریوں کے ساتھ عیش و عشرت میں رہتا ہے اوسکا کام
یہی ہے اور غذا اوسکی ناچ اور راگ عالم نباتات بھی اوسکے تابع ہیں ساری پریاں اوسکی مجلس میں جاتی ہیں
اور ناچتی گاتی ہیں ایکبار کا ذکر ہے کہ راجہ نے فرمایا بکاولی فیروز شاہ کی بیٹی مدت سے ہمارے مجلس میں
نہیں آتی اسکا سبب کیا ہے اور یہاں کے آنیکا مانع کون ہے پریوں میں سے ایک نے عرض کی
کہ وہ ایک انسان کے دام عشق میں گرفتار ہوئی ہے بلبل بیقرار کے مانند فریاد کیا کرتی ہے اور
مدام اوسکے عشق میں سرشار رہا کرتی ہے اور اپنے بیگانہ سے اوسکو نفرت ہے فقط اوسی کی صحبت ہے
شراب وصل اوسکے ساتھ پیتی ہے اور اوسکے دم سے جیتی ہے راجہ یہ ماجرا سنکے غصے میں آیا
اور شعلہ غضب اوسکی بھڑکا اوسنے پریوں کی طرف اشارہ کیا کہ اوسکو اسیوقت حاضر کرو وہ تخت
رواں لیکے تاج الملوک کی باغ میں آئیں اور بکاولی کو کہا کہ راجہ کے اعتراض اور غصہ کا کچھ تھوڑا سا
حال بیان کیا وہ چاہتا تھا کہ اوسپر سوار ہو کے امرنگر گوئی اور وہاں کانپتی ہوئی راجہ کے سامنے آکر
آداب بجالائی ہاتھ باندھ کے کھڑی رہی مہاراج نے نگاہ قہر سے اوسے دیکھا اور بہت سا بھڑکا اور فرمایا
کہ اسکو آگ میں ڈالدو کہ انسان کے بدن کی بو باس اسمیں نہ رہے اور ہماری صحبت کی قابل ہو پریوں نے
فوراً اوسی فرشتہ باغ میں اوسکے جسم نازک کو ناخنوں ہاتھ سے باہر لاکر آتشکدہ میں ڈال دیا
وہ جلکے راکھ ہوگئی شعر جل گیا عاشق تو کیا غم ہے کہ اوسکی چشم تر ✿ دیکھتے ہی یار کو گلشن میں
ہے خلیل شد اوسکے بعد پانی سے کچھ منتر پڑھا اوسپر چھڑکا فی الفور جی اوٹھی اور سیمت اصلی پر آکر
مجلس میں ناچنے لگی پہلے پہل تھوڑا سے اہل مجلس کے دلکو تلوار بیحال کیا اور ایک ہی اندرفت میں تماشائیوں
کو بیحال کیا غرض ناچنے کا جو حق تھا ادا کیا ساری مجلس کو محو کردیا پھر تو واہ واہ کی صدا ہر ایک کے
منہ سے نکلنے لگی اور آفرین اور تحسین کی آواز ہر طرف سے بلند ہوئی بکاولی آداب بجا کر راجہ سے رخصت ہو

سخت سے پھینککر اپنی پانچین آئی گلاب کی حوض مین نہا دہو کر شاہزادہ کی بغل مین سو رہی صبحکو اپنی معمول پر

اوٹھی سنگار کیا لوگ بھی اندر باہر کے اپنے اپنے کام مین مشغول ہوئے القصہ ہر شب وہ عبرت ماہ

امرنگر مین جاتی پہلے تو اوسے آگ مین جلاتے پھر راجہ کے حضور مین ناچتی گاتی جب تھوڑی بہت رات

باقی رہتی رخصت ہو کر اپنی گھر آتی اور گلاب کی حوض مین نہا دہو کر اوس دریائے خوبی سے باہم آغوش

ہوتی اور اپنے جیکو ہنسا کرتی اشعار

نہ کہلتی تھی شکایت کو کبھی لب ۔ جلاتی تھی تن نازک کو ہر شب
سمجھ او وصل لیکن دلبر کا ۔ قبول اوسنی کیا جلنا سدا کا

وہ ہر آتشکدہ کو آب جانے ۔ جو جل مرنیکو اپنی زیست مانے
فراق اوسکا نہ تھا ہرگز گوارا ۔ وہ عاشق جو نہ کرتی تھی کنارا

ادہی ہی جو جیتے جلنے کی لذت ۔ جسی شمع ہو دلونکی محبت
سما جاتا نہین پروانہ ہو کر ۔ گوارا ہوتی جو سب تا سحر آلت

کہ شاہزادے کو ہرگز اس بات کی خبر نہتی ایک رات کا ذکر ہی کہ بکاولی تو اپنی معمول پر وہان گئی تھی یہان

شہزادے کی آنکھ کھل گئی پلنگ پر اوسے نہ دیکھا ہر طرف قصر و باغ مین جاکر ڈہونڈھا لیکن کہین پتہ اوسکا نہ پایا

تہ مارا نہایت تنگ ہو کر اپنی خوابگاہ مین آبیٹھا اور یہانتک اوس تک تب ہجر کی راہ دیکھی کہ آنکھین

آنکھین آغوش اپنی جاتی مین سو گیا بکاولی بھی اپنی وقت پر آکر اوسکی پاس سو رہی صبحکو تاج الملوک نے بدستور جو اوسکو

ساتھ سوتے دیکھا زیادہ تر متعجب ہوا لیکن دم نہ مارا اوس راز کو مطلق نہ کہولا مگر اوسکی تحقیقات کے

واسطے دوسری رات اپنی ایک انگلی چیر کر نمک چھڑک دیا کہ مبادا آنکھ لگ جاوے اور وہ بھید چھپے کا

چھپا رہے غرض آدہی رات گئی تخت پر آکر موجود ہوا بکاولی وضو نماز کرنے لگی اور شاہزادہ بھی

چھپی چھپی جاکر اوس تخت کا پایا پکڑ بیٹھ رہا تب وہ پری آکر سوار ہوئی اور پریان اوسکو لیکر اوڑین تاج الملوک

اوسی پایہ مین لٹک گیا پھر اسقدر بلند ہوا کہ زمین اوسی نظر آنے سے رہ گئی جب تخت راجہ اندر کے

پہ جاکر اوتار دیا بکاولی اوٹھکر ایکطرف کہڑی ہو رہی اور یہ بھی آنکھ بچاکر خلق کی فرصت کا تماشا دیکھنے

غرض جسطرح انکو بیٹھی تھی اوسپر یون کا جھرمٹ نظر آتا تہا اور ہر طرف وا فرقہ قسم قسم کی ساز و ان کی وہ

راگون کی جو تمام عمر سنی تھی متصل چلی آتی تھی حاصل یہ کہ تاج الملوک نے وہ کچھ دیکھا جو کبھی نہ دیکھا تھا اور
وہ سنا جو کبھی نہ سنا تھا دنگ ہو کر رہ گیا اتنے مین کئی پریان دوڑین اور بکاولی کو آتشکدے مین
ڈالدیا وہ جلکر راکھ ہوگئی وہ اس عاشق کو دیکھکر سب بھول گیا بے اختیار دونون ہاتھون سے
سر پیٹنے لگا اور جی مین یون کہنے لگا حیف ہے اسوقت طاقت نہیں رکھتا ہون کہ پروانے کی مانند اس شمع کے
ساتھ جلتا اور اپنے بدنکو راکھ کرکے اوس سے ملتا کیا کرون کچھ بس نہین نہ قدرت فریاد کی ہے نہ جگہ
نالہ کی یہ تو اوسی ادھیڑ بن مین رہا کہ اونہین مین سے ایک پری نے پانی چھڑکا اوسکی راکھ پر چھینٹے کا
پڑنا تھا اٹھ کر زندہ ہوئی اور راجہ کی مجلس مین آئی شہزادہ بھی اوسکے پیچھے پیچھے چلا آیا ازبسکہ اژدحام تھا
کوئی کسیکو پہچانتا نہ تھا کسی نے نجانا کہ یہ کون ہے اور کیون کھڑا ہے اتفاقا بکاولی کا پکھاوجی
بہت ضعیف تھا ناتوانی کے سبب اچھی طرح بجا نہ سکتا تھا وہ رک رک کر ناچتی تھی اور بار بار
تیوری چڑھاتی تھی شہزادہ یہ حال دیکھکر بے چین ہوا آخر رہ نسکا سازندے کے کان مین جھککر کہا اگر تیری مرضی ہو
تو ایک دو گتین مین بجاؤن کہ اس کام مین چالاک دست ہون اوسنے اس بات کو غنیمت جانا پکھاوج کو حوالہ
کیا یہ تو اس کام مین یگانہ تھا اور اوسکی دام محبت مین گرفتار اوسکی خواہش کیموافق بجانے لگا پھر تو
کیفیت ناچ کی ایسی تھی کہ در و دیوار سے واہ واہ کی صدا آنے لگی راجہ بھی یہان تک محظوظ ہوا کہ اپنے گلے کا
نولکھا ہار اوتارکر بکاولی کو عنایت کیا وہ ناچتی ناچتی جو پیچھے ہٹی تو بجنسہ پکھاوجی کی حوالہ کیا اسکے بعد
مجلس راگ رنگ کی برخاست ہوئی شہزادہ جسطرح گیا تھا اوسیطرح اپنے باغ مین آیا بکاولی گلاب کے
حوض کیطرف گئی یہ خوابگاہ مین جاکر سو رہا لیکن صبح کے وقت مسکراتا تھا پری نے پوچھا کہ خیر تو ہے
مسکرانے کا کیا سبب ہے کہا کہ رات کو عجیب خواب دیکھا ہے اسواسطے ہر گھڑی مجھے ہنسی
آتی ہے وہ کہنے لگی خدا خوب کرے تا مین بھی سنون کیا دیکھا ہے تاج الملوک بولا یہ دیکھا ہے کہ
آدھی رات کو تو کہین جاتی ہے اور مجھے خبر نہین کرتی بکاولی یہ سنکر ڈری کہ میرا یہ بھید اسپر کھلا اور

اور اچنبھا یہ بھی ہے میرے ساتھ وہاں گیا ہو بید ہوئی کہ سب شب پہر کہنی لگی اور یہی کچھ دیکھا یا نہیں شہزادہ
بولا گویا آجکی رات میں بھی تیری ہمراہ گیا ہوں اسطرح کہ وہاں ایک تخت لائیں اور اوسپر سوار ہوئی
اور میں پایہ ہی ٹیکا رہا چلا گیا بس آگے نہیں کہتا کہ خواب کی بات ہو سر پا ہوتی ہے اعتبار نہیں کچھی
خواب و خیال ہے سنا یہ کون بکاؤلی بولی کہ تجھے پہر کے قسم جو دیکھا ہے سب کہہ غرض تاج الملوک تھوڑا کہتا
پہر خاموش ہو رہا اور وہ قسمیں دے دے کر پوچھتی جاتی آخر سارا ماجرا اوسنی آخر تک ہو بہو کہکر
سنایا اور وہ ہار راجہ کا بخشا ہوا ابکی کے نیچے سے نکالکر دکھلایا تب پری نی اپنا سر پیٹ لیا اور بیہوش
ہو گئی ایک دم کے بعد بولی شاہزادے یہ تو نے کیا کیا اپنا دشمن تو آپ ہوا دیکھ میں نے تیری خاطر
ماں باپ کے ہاتھ سے کیا کیا رنج اوٹھائے اور ہر کس و ناکس کے طعنے کھائے یہانتک کہ سر رات آگ میں
جلنا قبول کیا لیکن تجھے نہ چھوڑا اور تیری راہ سے منہ نہ موڑا چنانچہ تو نے آنکھوں سے بھی یہ تماشا دیکھا تجھے
کہنے کی حاجت نہیں کاش کے تو اوس مجلس میں نجاتا اور اپنے گھر میں میری جدائی کا صدمہ اوٹھاتا
تو بہت بہتر تہا کیونکہ اسکا انجام اچھا نہیں اب حیران ہوں اگر تجھے نہ لے جاؤں تو بھی نہیں ہو سکتا اور لیجاؤں
تو کہاں تک چہپائے رکھوں خیر جو کچھ تقدیر میں ہے سو ہو گا مگر آج اپنا طالع آزماتی ہوں تجھے بھی لیجاتی
ہوں اپنی گت دکھاتی ہوں آگے جو مرضی خدا کی چنانچہ معمول کے وقت تاج الملوک سمیت گئی اور راجہ سے سلام
مجرے کے بعد عرض کی کہ آج ایک بجانے والا بہت چالاک اپنی ساتھ لائی ہوں اگر حکم ہو تو یہاں آکر بجائے راجہ نے
فرمایا بہت اچھا ہماری عین خوشی ہے الغرض وہ بجانے لگا اور وہ نازنین ناچنے لگی آخر یہ کیفیت ہوئی کہ سارا
محفل غش کر گئی راجہ بھی مست ہو کر جھومنی لگا اور اوسی عالم میں فرمایا تا گت اسطرح نا نگا چاہتی ہے مجھ دم بجا
یہ سنکر بکاؤلی نے آداب بجالا کر عرض کی کہ مہاراج کی بدولت لونڈی کو کسی چیز کی کمی نہیں اور کچھ ہوس
دل میں باقی نہیں مگر اس پکھاوجی کو بخشئے کہ یہی آرزو ہے اسکو چاہتا ہے اور یہ مجھے چاہتی ہے بہت اچھا
ذرا تو اسکا مزا چکھا اور لذت اوٹھا تو چاہتا ہے کہ بکاؤلی سے پری کو بی محنت و مشقت پاوے

لیجاؤن اور اپنی لعل گرم کردن یہ نہوگا پھر بکاولی کیطرف منہ پھیر کر کہا اے شہزادہ کیا کرون بخت مجھسے ہارا
ہون جاؤ سے تجھے بخشتا لیکن بارہ برس تک تیرا پیچھے کا دشمن رہیگا یہ حرف جو اوسکے
منہ سے نکلا وہ سیمین اوسی ہیئت کی ہوکر غائب ہوگئی

اشعار

بےثبات ازل سے ہے یہ عالم کبھی سر پہ ہے تاج شاہی	شادی کبھی غمی ہے توام کبھی خاک پہ بستر سیاہی دم بھر جو نشاط و عیش ہووے	دم بھر کی بہار مہمان ہے گل سا کبھی اوس ایسے نکھرے خمیازہ پھر اوسکا کھینچ ہووے	آخر وہی بالعموم ملال ہے کہ دلپہ ہزار داغ دیکھے

بائیسوین داستان تاج الملوک کی سنگلدیپ مین پہنچنے کی اور بکاولی سے ملنا اور چترا وت راجہ کی بیٹی کا اوسپر عاشق ہونا

کہتے ہین کہ بکاولی راجہ اندر کی بددعا سے پتھر کی ہوکر وہان سے غائب ہوگئی اور شہزادہ سیماب کی
مانند بیتاب ہوکر لوٹنے لگا تب اوسکو پریون نے اوٹھا کر نیچے ڈال دیا وہ ایک جنگل مین جا پڑا تین دن تک
بیہوش رہا چوتھے دن جو آنکھ کھلی تو بیجائے دلدار پہلو مین خار دیکھے ہر طرف جا کر شور و فریاد
کرنے لگا اور بکاولی کی خبر ہر ایک درخت سے پوچھنے لگا اکدن اسیطرح ایک سنگ مرمر کے تالاب تک
جا پہنچا چارون طرف سیڑھیان پاکیزہ اور خوبصورت بنی ہوئی تھین اور میوہ دار درخت بھی بہت سے
اوسکے گرد لگے تھے شہزادے نے ایکساعت وہان دم لیا پھر نہا کر ایک سایہ دار درخت کے نیچے
بیٹھا اور اپنی محبوبہ کی تصور مین سو گیا ناگاہ کئی پریان کہ اوسکے حال سے واقف تھین وہ بھی وہان
پہنچین اور اوسی تالاب مین نہا کر بال سکہانے لگین اونمین سے ایک کی نظر جو شاہزادے پر
جا پڑی ساتھیون سے کہنے لگی بکاولی کا پیارا یہی ہے تاج الملوک کے کانمین جو یہ آواز پڑی
آنکھین کہولدین اور پریون سے با چشم خونبار پوچھا تمہین کچھ معلوم ہے کہ بکاولی کہان ہے اونکا دل
اوسکا حال زار دیکھکر بھر آیا بولین کہ انگوٹھی کے نگینہ کی پتھر ہوگئی سنگلدیپ مین ایک بتخانہ مین ہے

لگ چکا وہ ہزار دقت تک پہونچ گیا ہی تمام دن اوس شہر کا دروازہ بند رہتا ہی اور بہت کی بعد صبح
تک کھلتا شہزادے نے پوچھا کہ وہ کس طرف ہی اور کتنی دور ہے انہون نے جواب دیا راہ کی
مصیبت تو ایک طرف آدمی اگر ساری عمر چلے جب بھی وہان نہ پہنچے تاج الملوک یہ سنکر مایوس ہوا اور
اپنی زندگی سے ہاتھ دہوکر ٹکرین مارنے لگا اور پتھرون سے سر پھوڑنے لگا پریون نے اوس کے
حال پر رحم کہا کر آپس مین صلاح کی کہ اس آفت رسیدہ کو پہنچا دینا چاہیے آگے اوسکی قسمت مین جو
ہونا ہی سو ہو رہیگا فوراً اوسے لیکر اڑین اور بات کی بات مین وہان پہنچا دیا ایک لمحہ کی بعد
اوس نے پس کو ذرا حواس ٹھکانے ہوئے تو دیکھا ہے کہ ایک شہر رشک بہشت برین زمین پر آباد ہی اور
عجائب اوسکا سواد ہے زندگی در وہان کوئی بے صورت نظر نہین آتا بلکہ درخت بہی وہان کے
ایسے قد و دلنشین رکھتے ہین کہ دیکھنے والے دنگ رہتے ہین آخر سیر کرتا بازار کیطرف جا نکلا
راہ مین ایک برہمن پجاری ملا اوس سے پوچھا کہ دیوتا تم کون سے ٹھاکردوارے کی پجاری ہو برہمن نے
کہا کہ راجہ چترسین جو اس ملک کا والی ہے اوسکے ٹھاکردوارے کا مین پجاری ہون پہر تاج الملوک نے
پوچھا کہ اس شہر مین کتنے ٹھاکردوارے اور مندر ہین جو معروف و مشہور ہون برہمن نے بتادی پہر کہا کہ
تھوڑے دنون سے دکہن کیطرف دریا کے کنارے ایک نیا مندر پیدا ہوا ہی دن بہر اوسکا دروازہ
نہین کہلتا کوئی نہین جانتا کہ اوسمین کیا ہے شہزادہ یہ بات سنکر خوش ہوا اور اوسیطرف چلا کہ
دریا کے کنارے سے مندر کے دروازے پر بیٹھ رہا پہر رات جب گذری اوس استہان کے کواڑ یکایک
کہل گئے تاج الملوک نے دیکھا کہ بکاولی آدمی کی صورت اصلی لیکر پتھر کی دیوار کا تکیہ لگائے
پاؤن پسارے بیٹھی ہے اسکو دیکھکر حیرت سے پوچھا تو یہان کیونکر آیا اوس نے تمام ماجرا کہہ سنایا پہر
ساری رات دونون باتون مین مشغول رہے پہر صبح ہونے لگی بکاولی نے شہزادے سے
کہا اب تو یہان سے جا

اگر آفتاب نکل آئیگا تو مجہہ تو بہی ہوجائیگا اسکے بعد ایک موتی اپنے کان سے نکالکر اوسکو دیا کہ بالفعل
اسے بیچکر اسباب درست کر اور چند سے اوقات تاج الملوک لیکر اوسے شہر مین آیا اور اوسے
ہزار روپے کو بیچ کر ایک حویلی تختہ مول لی اسباب ضروری بہی بنالیا اور کئی خدمتگار نوکر رکھے
جب رات ہوتی بکاولی کے پاس جاتا اور صبح اپنے مکان مین آتا اسیطرح ایک مدت گذر گئی بعضے
اشخاص وہان کے شہزادے سے آشنا ہوگئے تھے اوسکو شہر کی سیر دکھانے لگے ایکروز تاج
الملوک انکے ساتھ سیر کو نکلا تہا ایک گروہ سر و پا برہنہ بحالت تباہ نظر آیا شہزادے نے یارون سے
پوچھا کہ یہ اشخاص اگرچہ بلباس فقیر ہین لیکن بصورت امیر معلوم ہوتے ہین خدا جانے اسکا سبب کیا ہی اونمین سے
ایک بولا انمین بعضے شہزادے ہین اور کئی امیرزادے لیکن سب جلے ہوئے آتش عشق اور
اشتیاق کے اور نشانے ناوک فراق کے ہین انکا قصہ یون ہے کہ راجہ چترسین کی ایک بیٹی مہ پارہ بلکہ آسمان
خوبی کا ستارہ ہی اوسکے مانند کوئی عورت جہان کی سرزمین مین نہین ہے

اشعار

مانند طالع ہے قد موزون سی
اوسکی ہے جسم جسکے شگون

ہی سلگتی ہے جسم میگو نسیم
ہی سینہ سخت اوسکا مضمون
تنگ ہا منہ غنچہ کہ ہاتھ سے دی

ایکی ہون گشتی اوسکی ابرو کی
امرت او نہ سنہ ہین آنکی
اوسکی گو چپکی ہمت راہ دہ لی

لاکہہ بندی ہین تار گیسو کے
دم مین بابین بہی اور چلاتین بہی

مختصر ایک تو وہ آپ ہی پیکی قاتل غیر و مسلمان ہے دوسرے اوسکے ہاتھ اور بہی دو کافر تین
ناخلف یار ہین ایک تنبولی کی لڑکی سہیلا نام اور دوسری مالی کی چیلا اسم یاسمی ہے غرض تینون آپسمین
اخلاص لی رکہتی ہین اوٹھنا جاگنا سونا کہانا پینا دن رات ایک ایک جگہ ہے اور اپنے اپنے
امر کی بہی ہر ایک آپ مختار ہے جسے پسند کرے اوسی سے ہو بیسکو اس بات مین خلل نہین لیکن ابتک
کوئی اوسکا منظور نظر نہین ہوا اور انہونمین نہین شہر اشہزادہ یہ سنکر چپکا ہو رہا اتفاقا ایک روز آوارہ
بیابان عشق ادہر جو حسرت سے محل کے نیچے جا نکلا تماشائی اوسکے گل رخسار کو بلبل وار تکلیے تہے اور

ور دیوانون کیطرح اپنے تئین کچھ کچھ بکتے تھے اور وہ پری زاد بیٹھی چلمن سے دیکھ رہی تھی کہ شہزادہ اوس سے
دوچار ہوا عشق کا تیر دل کے پار ہوا عنان صبر و شکیب ہاتھ سے چھٹ گئی تھا ہوش و حواس لٹ گئی بیخود ہو کر گر پڑی
تلملا اور چلانی دو ڈر کر اوٹھا یا منہ پر گلاب چہڑ کا عطر سونگھایا کچھ ٹھہری ہوش آیا لیکن سکتی کی سی حالت ہو رہی
اونھون نے حال پوچھا اوسنے کچھ نہ بتایا حیرت کو منہ پر اوسیطرح رہی دیا تب نا لائق کٹھر کی سینچ چیا تک آ
شہزادیکو دیکھا اور چپر ادت سی بیتابی کا سبب دریافت کیا پھر تسلی دیکر کہنے لگی کہ ای رانی تیرے
بیقراری نے تجھکو دیوانہ بنایا اور اضطرابی نے دامن صبر چھڑایا اتنی کیون گھبراتی ہے اور کسواسطے
اپکو دیوانہ بناتی ہے تیرے باپ نے تو بیاہ کی تجویز تجھپر موقوف رکھی ہے جسکو تو پسند کرے گی
اوس سے تیری شادی کریگا خاطر جمع رکھ اس وقت اب ابلق سوار کو جسکو دیکھکر تیری حالت غیر ہوئی ہے
اگر فرشتہ ہے تو بھی دام سے جانہیں سکتا اور کوئی اوسکو چھڑا نہین سکتا دیکھ تو ایسے جال مین
پھنساتی ہون کہ ہل نسکے اور ایک قدم آگے چل نسکے یہ کہکر ایک کٹنی اوسکے حال کی تحقیقات کو
بھیجی وہ عجب ایک شوخی و طنازی سے آئی اور آتے ہی شہزادے کے گھوڑیکا شکار بند پکڑ کر کہنے لگی
تو نہین جانتا کہ یہ شہر مقتل ہو رہا ہے اور یہان عاشقون کو سولی دینا روا ہے یہان کے پریرو
تیغ نگاہ سے تار نظر لیتے ہین اور اسے پھنسا لیتے ہین اور ایک نگاہ ناز سے خاک پر گرا دیتے ہین
تو کس جرأت اور دلیری سے ادھر اودھر پھرتا ہے اور بادشاہون کی محلون کیطرف دیدہ بازی کرتا ہی
مگر آتش کا پرکالہ ہے جو شمع رخون کے دل کو پگہلاتا ہے اور سنگدلون کے کلیجے کو موم بناتا ہے
کدہر سے آیا ہے اور کہان کا رہنے والا ہے اپنے حسب اور نسب اور وطن سے آگاہ کر تاج
الملوک اوسکی باتون سے تاڑ گیا کہ کسی ہی کی بھیجی ہوئی ہے بولا ای جہکو بہت باتین نہ بنا میرے داغ دل سے
روئی کو نہ اوٹھا اپنے کیسے جی جی سے نہ تھم پر مرہم لگا سن وطن میرا مطلع خورشید سے روشن تر
ہے اور نام میرا افسر سلاطین ہے سے دریافت کر لے جسکی تو بھیجی ہوئی آئی ہے اوس سے جا کہدے کہ مجھی

جب کہ جوہر بکنے بازار مین گیا جوہری دیکھکر حیران ہو گئے اونہونے جا کر خبر دی کہ ایک شخص ایسا جواہر
بیچنے لایا ہے کہ ہمنے ساری عمر نہین دیکھا اور بادشاہ کے سوا کوئی بھی اوسکی قیمت دے نہین سکتا شیفتے نے
جو پہلے کبھی جوان اوسکی ساتھ کر دئے اور اوس بیچارہ غریب الوطن کو ناحق پکڑ بلایا دیکھا تو وہی شخص ہے فی الفور
اوسے چوری کی تہمت لگا کر قید کیا اور راجہ کو یہ مژدہ سنایا کہ پرندہ دام توڑ کر اوڑ گیا تھا آج قفس
مین آ گیا اوسی پھر پکڑا اب یقین ہے کہ جو آپ کہینگے قبول کریگا

بیسوین داستان شاہزادے تاج الملوک کی چتراوتی اور کھونا نہین پھر ملکی چمن کا ولی عہد

جب شاہزادہ کو راجہ چتر سین نے قید خانہ مین نہایت تنگ کیا کہ چتراوت سے شادی قبول کرے
لیکن وہ قید کی سختیان سہکر خاطر مین نہ لاتا تھا کاولی کے فراق مین فریاد چلاتا تھا اور دیوار سے
سر ٹکراتا تھا ایکدن وہان کے داروغہ نے راجہ کی خدمت مین عرض کی کہ وہ گرفتار مانند مرغ
نیم بسمل تڑپتا ہے رات دن خاک پر لوٹتا ہے اگر اوسے جلد آزاد نہ کیجیے گا تو خون ناحق سر پر
پڑیگا قید مین تڑپ تڑپ کر مر جائیگا مہاراج نے اوسے کچھ جواب نہ دیا لیکن بیٹی کو کہلا
بھیجا کہ تو جاکر اپنی شمع جمال کا پرتو اوس پر ڈال شاید تجھ پر پروانہ وار پگھل جائے اور اوسکی متاع خرد
جل جائے چتراوت یہ بات سنکر نہایت شاد ہوئی اور اپنے کو آراستہ کیا حسن مادرزاد کو زیب و زینت
سے دو بالا کر دیا پھر ملا اور چمپا بھی بن ٹھن کر زہرہ و مشتری کے مانند اوس ماہرو کے ساتھ
ہولین غرض تینون شاہزادے کے پاس پہنچین اشعار

گئی زندان مین وہ رشک زلیخا
کیا فی الفور اوسکے آگے سجدہ
پھر ایسی شان سے بیٹھی وہان سے
چمپا نے جسکے رخ کو جلایا

وہان حسن یوسف ثانی کو دیکھا
وہ کیا تھی یعنی زندان شل کو سر
کہ پیاری چاند کی جیسے بدلیا سے
نکلتا ہی عطر دو تن سے

بڑا ای زرد وہ لائی تھی جو جو
عقیق لب بھی سبکا گل ہی خوشتر
رخ گلرنگ کا وہ زرد کہنا
کہ شرمندہ کی شکل [illegible]

پہر اتنا ہوسکی او دیکھئے بادام | عوض عنبر کی زلف عنبر فام
نگہ کبھی انار سینہ صفی | رکھا سیب تن پہر اوسکی کہ
وطاقت ہنی کی شرم وحیا سے | کہ اوسکا بھی مزہ وہ شوخ چکھے

لیکن شہزادی کی نظر قبول وہین ہی کسی پر نہ پڑی اوسکو کوئی چیز اوسکی نگاہ پر نہ چڑھی فی الواقع اگر چتراوت کی
آتش باطن تاثیر دار ہوتی تو پہر اوسکی تحفہ ظاہری خراب جاتے ساری محنت رائگان ہوتے
سن العزیز رسول مقبول نے عبادت کو بادشاہ حقیقی کے قدر کے لایق نہ دیکھا عجز سے کہا کہ عبادتیں ہم
ہین نے جیسی چاہیے نہین کی پہر کسکا منہ ہی کہ اپنی عبادت پر نازان ہو بہتر یہی ہے کہ آنکھو اوسکی محبت کی
گہرائین یہانتک پگہلائے کہ آئینہ کے تلے خاک ہوجائے تا شاہان کبیر پسند کی آنکھو مین سورج سے
زیادہ نظر آئے القصہ جب چتراوت نے دیکھا کہ چشم جادو اور تیغ ابرو سے کچھ نہو سکے کا ناطاقت ہوکر
شہزادی کے آگے گر پڑی پہنچی لگی یہانتک کہ شہزادے کے دلکو صدمہ پہنچا بے اختیار اوٹھکر اپنی ہاتھ
نہ دیکھی سنبھالنے فی الفور خوشخبری راجہ کو پہنچائی کہ چتراوت گل مراد سے دامن بہر کر گہر مین آئی
چترسین نے فی الفور شہزادیکو بندیخانے سے نکالا حمام مین بہیجا اور خلعت شاہانہ مرحمت فرمایا پہر ایک مکان
دلچسپ رہنے کو دیا اور نیک ساعت دیکھکر اپنے خاندان کی رسم رسم کے موافق اس چترنا شگفتہ کو اس لعل گراں
بہا کی ساتھہ بیاہ دیا تاج الملوک چتراوت کو خلوتکدے مین آیا نہ بلا اور چیلا اپنے اپنے مہاراج کے آگے کھڑی ہوئین
اور اوہون نے بہی گریبان سینہ کہاین لیکن شہزادے نے کسی کی طرف آنکھ اوٹھا کر نہ دیکھا سر نیچے کئے
بیٹھا تا جب پہر رات گذری اوٹھکر لباس بدلا اور بکاولی کے مندر کی طرف چلا چند روز سے جو اوس
گرفتار دام بلا کو نہ دیکھا تہا تپ رہی تہی اور سرد آہ سے مارتی تہی اتنے مین شہزادہ بہی جا پہنچا
دیکھتے ہی شاد ہوگئی اور سنبہل بیٹہی لیکن ہاتھ پاؤن کی مہندی دیکھکر اوس رشک چمن کا ہنستا چہرہ
سے لال ہوا دل کو صدمہ کمال ہوا طاقت خموشی کی جاتی رہی کہنے لگی واہ واہ شہزادے اتنے
دنون کے بعد آئے خوب رنگ لاتے تہ معشوقونکا نام تونے ڈبویا وفا کو داغ لگایا تمہارے عاشقی کا دم اب

محل مین داخل ہوا فوراً اونہون نے جاکر راجہ سے عرض کی کہ شاہزادہ وہان نے مندر مین صبح تک
بیٹہا ہے اوس سے محل نے کئی سنگتراش چالاک دست و چابک وقت بہیجے کہ اوسکو کہود کر پہینک
دین اونہون نے بموجب حکم کے اوس مندر کو بیخ و بنیاد سے اوکہاڑ کر دریا مین ڈال دیا تاج الملوک جو
عادت پر جو وہان گیا تو اوسکا نشان بہی نپایا دیوانون کے مانند وہان کی خاک پر لوٹنے لگا اور یہ رباعی
پڑہنے لگا **اشعار** یجان اگر کہوج تیرا پاؤن نہین وہ مر کر وہان آکر پہنچا دیتین پکچہ ہو نہین سکتا ہے
کرون کیا ای کاش پہ بہشت جانے نہین اور سما جاؤ نہین آخر نا امید ہو کر دو اور تین بار مار کر رویا اور پہر آیا
خیمہ ہو رقو اسکو بیقراری کی لذت اور آہ و زاری کی کثرت رہی جب اوس صنم کو وصل سے بالکل
مایوس ہوا دیکہا بہی حاصل نہ دیکہا چترا وت کی جادو بہری باتون پر دہیان کیا غرض نسیم وار اوسکی
غنچہ امید کو شگفتگی اور پشیمان وصال سے اوسکی صدف آرزو کو پر گوہر کیا جو بیچ مین

داستان بکاولی کے پیدا ہونے کی ایک کسان کے گہر مین اور تاج الملوک اور چترا وت کے ملنے مین اور پہنچنے مین ملک [illegible]

کہتے ہین کہ اوس بتخانہ کی زمین کو ایک کسان نے جوتا اور وہان سرسون بوئی تاج الملوک کبہی کبہی اوس
سبزہ کو دیکہنے جاتا تہا اور اپنے دل بیقرار کو وہان کے سبزہ سے تسکین دیتا تہا جب وہ پہولی اور
اوسنے بہار پیدا کی تب شاہزادہ دونون وقت وہان جانے لگا اور یہ رباعی پڑہا کرتا رہا کیا [illegible]
کہو تو پہولو یہ آئی ہی مجہی عشق کی اس ناک بوشہ کلونہ مین ہی اسلئے پوچہتا ہون گلشن سے مری کچہ بہی خبر کہتے ہو
القصہ وہ کہیت پکا اور کسان نے کاٹا اوسکا تیل نکالا ازبسکہ کسانونکا چلن یہہ ہے کہ جو چیز کہیتان اوگتی
ہے اوسکو پہلے آپ کہاتے ہین اسلئے وہ اوسکی جورو کے کہانے مین آیا باوجودکہ وہ بانجہ تہی خدا کی
قدرت کاملہ سے حاملہ ہوئی اور نو مہینے کی بعد لڑکی پری پیکر جنی کسان کا گہر جو بےچراغ اندہیرا تہا
اوس شمع کے پرتو سے روشن ہو گیا ہر طرف دہوم مچی کہ ایک بانجہ کے گہر [illegible]

تاثیر سے ایک لڑکی نہایت حسین ایسی پیدا ہوئی کہ اوسکے حسن کی تشبیہ و تقریر کسی سے نہین ہو سکتی
منہ کی چمک نے چودہوین رات کے چاند کو ماند کر دیا جب چودہ برس کی ہوگی تب سورج کو بھی داغ دیگی
رفتہ رفتہ یہ بات تاج الملوک کے بھی کان تک پہونچی جانا کہ یہ تاثیر اوسی سرسون کی ہے کسان کو
اوسکی بیٹی سمیت بلوا بھیجا جونہین نظر اوس لڑکی پر پڑی اوسکی شکل اپنی معشوقہ کی مطابق پائے نہایت
شاد ہوا سمجھا کہ یہان اوسی نے جنم لیا ہی بہت سے روپے اوس کسان کو دیکر رخصت کیا کہ اس لڑکی کو
بخوبی پرورش کر جب وہ سات برس کی ہوئی ہر طرف اوسکی شادی کے پیغام کسان کو آنے لگے
لیکن وہ اس اندیشے سے کہ شاہزادے نے پرورش کیواسطے تاکید شدید کی تھی خدا جانے
آگے اوسنے کیا منظور ہے کہ میری جان پر آپنے سب کو منع جواب دیتا اور بہانہ یہ کرتا تھا کہ جس وقت
وہ سیانی ہوگی جسے پسند کریگی اوسکے ساتھ بیاہ دونگا قصہ مختصر جب اوسنے دسوین برس مین
پاؤن رکھا تاج الملوک نے اوس دہقان کے پاس ایک مشاطہ کی ہاتھ یہ پیغام بھیجا کہ اپنی لڑکی کی
شادی مجھ سے کر دے یہ سنکر وہ بیچارہ کانپنے لگا کہ مجھ غریب عاجز کا یہ منہ کہان کہ بادشاہ کی
داماد کو اپنا داماد کرون اوسکا آخر یہی پھل ہوگا کہ میری بیٹی لونڈی ہوکر رہیگی ہرا افسوس ایسی
مہاسندر کو راجہ کی بیٹی کی جیسی پاؤن اور اوسکے آگے سے کھواؤن یہ سنکر لڑکی نے کہا سنو بابا
میرا نام بکاولی ہے مین پری ہون تم ایسی اندیشے کسو طرح خاطر جمع رکھو کچھ وسواس نہین کہ کل
جنین کی جگہ آخر سیر ہیگی اور رشتے بیاہ کا مکان شاہونکا قصر ہے تم شاہزادے سے کہلا بھیجو کہ جلدی اور کچھ
توقف کرے کسان بیچارہ جب ہو رہا مشاطہ نے آکر سب ماجرا حضور مین عرض کیا تاج الملوک سنتے ہی
مارے خوشی کے دن آخر ہوئے سارا غم و الم بھول گیا اور اوسکو بہت سا انعام دیکر رخصت کیا جب
بکاولی کے نحوست کی دن آخر ہوئے سیکڑون پریان چارون طرف سے وہان آئین اور سمندر ہی بھی
ہوتا کے بیتکلف اور جواہرات بیش قیمت لیکر مع تخت زرین کے حاضر ہوئی بادشاہزادی کی کے پیر

بیٹے نے کہا پہنا جب بن ٹھن چکی ماں باپ سے کہا کہ میں اتنے دنوں تمہارے گھر مہمان تھی اب رخصت
ہوتی ہوں باپ کا ہاتھ پکڑ کے اوسکے مکان کے پچھواڑے لیگئی اور اشرفیوں کا دیگچہ کسی نے گاڑا ہوا
تہا دیا کہ اسکو تم اپنا خرچ میں لاؤ پھر رخصت ہوئی اور تخت پر سوار ہو بیٹھی سب پریان تخت اوٹھا کر اوسکو اوٹھا کے
لے اوڑین اور جس جگہہ کہ تاج الملوک چتراوت اور دلشاد اور چمپا کو لیے بیٹھا تھا آکر اوتریں بکاولی نے
سب کو وہیں چھوڑا آپ اکیلی اندر گئی اور چتراوت کا ہاتھ پکڑ کر بہنوں کی طرح پیار سے گلے لگ گئی وہ
اوسکی سج دھج دیکھکے بیحواس ہوئی کہنے لگی سے وہ بیٹھی پھر سب نے تمام اپنی سرگذشت شہزادہ سے
کہی اور اوسکی سنتے ہی چتراوت نے کہا کہ میری جان اگر شہزادیکی وفات منظور ہو تو لوہم بید اوٹھ کھڑی ہو
تمہارا گھر ہے کچھ اندیشہ نکرو چتراوت نے کہا کہ میری جان شاہزادے کے ساتھ سے پھر اس جسم
خالی کو کیونکر رکھ سکوں کی بدل جاؤں اوسی وقت بکاولی نے پریوں کو اشارے سے کہا کہ تم ظاہر ہو
نقل کرتے ہیں کہ چھپ پھر زمین سنگلدیپ کی پریوں سے خالی رہی شہر میں یہ ہو دم مچ گئی لوگ گھبرائے
یہانتک کہ راجہ مضطرب ہو کر بیٹی کے محل میں دوڑ آیا دیکھتے ہے اوسکو شہزادہ
استقبال کیواسطے اوٹھ کھڑا ہوا چند قدم بڑھا اور اپنی مسند پر بیٹھا یا پھر اپنا اور بکاولی کا
احوال مفصل کہکر سنایا پہلے تو بہت سا گڑھا پھر نہایت خوش ہوا اور چتراوت کا ہاتھ پکڑ کر
بکاولی کے ہاتھ میں دیا اور کہا کہ میری اکلوتی بیٹی ہے تیری پرستاری کیواسطے دیتا ہوں توقع
کہ اسپر نظر مہربانی رکھیو اور اپنی لونڈی جانیو یہ کہکر رخصت کیا تاج الملوک تخت پر سوار ہوا بکاولی اور
چتراوت داہنے بائیں بیٹھیں اور دلشاد اور چمپا اوسکے سامنے پھر پریاں تخت کو لیکے اوڑیں باکی
باتیں تاج الملوک کی ڈیوڑھی پر جا رکھا بکاولی اور چتراوت محل اندر گئیں زین الملوک نے وزیر کا بیٹا
بہرام نام ملک نگارین اور باغ اور قصر کا علاقہ اوسیکا تھا ندیکو ویسا ہی اوتنا آیا اور آپ جا کر اپنا نام ونشان
تبایا تاج الملوک نے اوسپر سب کچھ ہی نوازش فرمائی نذر اور تحائف دیا پھر وہ لطف سے داخل ہوئی دلبر

محمود وہ دیکھتی ہی شہزادے کو نہایت شاد ہوئین پہر بکاولی اور جمیلہ خاتون سے خوشی خوشی ملین

چھبیسوین داستان تاج الملوک کی نامہ لکھنے مین فیروز شاہ اور مظفر شاہ اور انکے آپہونچنے مین اونکی تاج الملوک کی ملاقات کو اور روح افزا پر عاشق ہونا بہرام کا

مصور نگارستان عشق کا اس داستان کی تصویر صفحۂ کاغذ پر یون کھینچتا ہون کہ تاج الملوک نے فیروز شاہ اور
مظفر شاہ اور زین الملوک کو مژدہ اپنے پہونچنے کا لکھ بھیجا اوسکو پڑھکر ہر ایک کا دل تر و تازہ ہوا جیسا غنچہ
فیروز شاہ نے مع جمیلہ خاتون بڑی جاہ و حشمت سے سرستان کیطرف کوچ کیا اور مظفر شاہ حسن آرا
اور روح افزا کو ساتھ لیکر اوسی تجمل سے روانہ ہوا اور زین الملوک بھی خاص محل کو ہمراہ لیکر بڑی کر و فر فوج اور
لشکر سے چلا غرض تھوڑے دنون مین ملک نگارین مین آپہونچے اور اوسکے گرد و نواح مین انسان اور
چرند پرند کی ایسی کثرت ہوئی کہ تل دھرنے کی جگہ نہ تھی بارے تاج الملوک اور بکاولی کے دیدار سے
سب مسرور ہوئے اور ہر ایک کے دل سے رنج و الم دور ہوئے تین روز تک جشن ناچ راگ و رنگ
ہوا کیا چوتھے دن ہر ایک شاہ و حرم رخصت ہوکر اپنے اپنے ملک کو روانہ ہوا مگر بکاولی نے روح افزا
کو نہ چھوڑا کہ چند روز اور بھی اسکی صحبت سے حظ زندگانی اوٹھائے اور ایام جدائی کی سختیاں سب دل سے
بھلا دے عقیق کا دالان اوسکی خوابگاہ کے واسطے مقرر کیا وہ پری پیکر اوس حور سرشت کی ساتھ
پہر رات گئی تک سرگرم گفتگو رہتی تھی پہر خوابگاہ مین جاکر سو رہتی تھی ایک رات کی نقل ہے کہ روح افزا کی
چوٹی سوتے مین کھڑکی کے باہر جا پڑی تھی اوسکے موباف مین ایک گوہر شب چراغ چمک رہا تھا بہرام بھی
اوسی وقت چاندنی کی سیر کرتا ہوا اودہر جا نکلا نگاہ اوس پر جا پڑی پہلے تو سمجھا کہ کالا ناگ من منہ مین
لئے جھولتا جاتا ہے پھر بغور سے جو دیکھا تو معلوم کیا کہ کسی کی چوٹی مین لعل چمکتا ہے جی مین سوچا کہ شاید
بکاولی یہان سوئی ہو اور اوسکی چوٹی لٹک پڑی ہو لیکن دل اوسکا تمام رات پیچ و تاب کھاتا رہا آخر اوسکا
صبح سمن بو سے پوچھا کہ فلانے مکان مین کون سوتا ہے اوسنے کہا کہ وہ روح افزا کی خوابگاہ ہے

سنتے ہی اوسکے عشق کا سودا بہرام کے سر مین پیدا ہوا اور اوسکی زنجیر زلف ڈہونڈہنے لگا چنانچہ دوسرے
دن آدہی رات کیوقت کمند مار کر اوس مکان مین جا کر اوترا اور دالان کے اندر بیتابانہ چلا گیا دیکہتا کیا ہے
کہ وہ رشک زہرہ ایک سونیکے پلنگ پر ناز سے سوتی ہے یہ کیفیت اوسکی دیکھکر کیفیون کی مانند بیہوش ہو گیا
اوسنی تو کبہی اوس شراب کو چکہا نہتا اوسکا نشہ سنبہال نہ سکا بدمستون کیطرح اوس پری پیکر کے منہ سے
منہ رکھکر چمیان لینے لگا فورًا اوسکی آنکہہ کہل گئی دیکہا کہ بہرام ہے اگرچہ اوسکا عشق اوسکے شیشہ دل کو
چور کر چکا تہا لیکن اتنی چالاکی اور بیباکی اوسکے طبع نازک کو خوش نہ آئی بہت سا جہنجہلائی اور غصہ سے طمانچہ
مار کر ایسا دہکا دیا کہ کہڑکی سے گر پڑا اور زار زار روتا ہوا اپنے گہر چلا گیا صبح ہوتے ہی روح افزا نے پریزاد
سے رخصت مانگی اوسنے ہرچند سماجت اور منت کی کہ چند روز اور بہی رہو روح افزا نے نمانا اسواسطے
کہ اگر رات کی بات ظاہر ہو گئی تو بکاولی مجہی ہنسی مین لیگی اور چہیڑیگی آخرش نہ ٹہہری اور جزیرہ فردوس
کی راہ لی لیکن بہرام کے عشق سے دلکو چین سے نہ بیٹھتی تہی اور رات کو ایکدم آرام سے نہ سوتی تہی بلکہ
اکثر اوقات شمع فانوس کیطرح ہاتہ ملتی تہی اور ساعت بساعت سموم غم سے مرجہاتی تہی اور اپنی نرگس
مین گہڑی گہڑی آنسو بہر لاتی تہی سچ ہے کہ جو کوئی دیدہ غور سے ملاحظہ کرے تو عشق کی بیتابی
معشوق مین زیادہ دیکہی یہ وہ گروہ ہے کہ کسی کے گلے مین کمند عشق ڈالکر دور سے اپنے حضور مین
کہینچ لے اور کسیکو فلاخن ہجر سے دور پہینک دے

چہلیسوین داستان بہرام کی جزیرہ فردوس مین پہنچنے کی سمنبر کی مدد سے اور روح افزا کے ملنے مین بنفشہ کی توجہ سے

کہتے ہین کہ بہرام روح افزا کے فراق مین یہانتک نحیف ہو گیا کہ تپ بلا کی سے آنکہین جلنے پڑ گئے لیکن
اسبات کی سمنبر کے سوا کسیکو اطلاع نہ تہی چنانچہ وہ مدام اوسکو نصیحت کرتی کہ اے بہرام اس خیال سے درگذر
اور دل سے یہ اندیشہ فاسد دور کر کیونکہ غیر جنس کا شجر محبت سوا فراق کے کچہ ثمر نہین دیتا خاک کی پتلی دیکہے

دوستی جس سے نہایت حیرانی اور اضطرابی جیکو رہی اور تاج ایک پری کی تصویر دیکھ اور درد سہہ تاج
الملوک کی بات پہنچا کہ نادر ہے یہ اتفاق ہوگیا کہ بکاولی کی طبیعت وسپر آگئی والا آدمی اور پری مین کہا
مناسبت لطیف اور کثیف مین ملاقات کی کون صورت لیکن بہرام جیکا ستا کرتا تھا کچھ جواب نبتا تھا
یہ بات سمجھتا تھا بیت نصیحت کرتے ہو ناحق ہم اتنی نہ نہین جانتی زنگی سے سیاہی جب سمنبر وفتی دیکھا
کہ خار عشق بہرام کے جگر مین ایسا چبھا ہے کہ اوسکا نکلنا بہت دشوار ہے کہا اے خود فراموش اس مہم
مین مجھسے تیری امداد اور تو کچھ نہین ہوسکتی لیکن اگر تو کہے تو مین جزیرۂ فردوس مین تجھی پہنچا دون
پھر آگے تیری قسمت ہے وہ اسباب پہنچنے پر راضی ہوا تب سمنبر نے اوسکو زنانے کپڑے
اور گہنا جسقدر مناسب تھا پہنایا بہرام امرد تھا ہو بہو ایک رنڈی پری سی بنکر اور چلا پھر اوسکا
ہاتھ پکڑ کر جزیرۂ فردوس کو لی اوڑی اور اپنی منہ بولی بہن کے گھر مین کہ اوسکا نام بنفشہ تھا اور وہی مشاطہ
روح افزا کی تھی جا کر اوتری وہ سمنبر کے آنے سے نہایت مسرور ہوئی اور پوچھنے لگی کہ یہ جوان لڑکی
تمہارے ساتھ کون ہے اوسنے کہا کہ میری وہی بہن ہے اسکا جی اس سرزمین کی سیر کو بہت چاہتا
تھا اسواسطے مین تمہارے پاس لائی ہون اسے خوب طرح سیر کراؤ تماشے دکھاؤ اوسنے کہا بہت اچھا اسکو
پھر سمنبر رخصت ہوکر بکاولی کے پاس آئی اور بہرام بنفشہ کے گھر مین رہا وہ اوسے دنیا کی نعمتین کہلاتی تھی
اور مہربانی سے دلکو ایک پل نہین بہجاتی تھی اور سیر دکہاتی تھی شام کیوقت گھر آتی تھی پھر اپنی
مشاطگی کا اسباب لیکر روح افزا کے مکان مین جاکر حاضر ہوتی تھی اسیطرح چندروز گذرے ایکروز بنفشہ
کہین گئی تھی بہرام نے جو گھر خالی پایا اوسکی مشاطگی کی اسباب مین سے آئینہ نکالکر اوسکی پشت پر یہ لکھا

روشن تھا یہ کچھ جو تجھ کو آئینہ
غیرت کہتی ہے کہ ای جو تیجہ

تجھکا جو تیرے عکس کیا ری آئینہ
کیون دیکھتا پہچان کیا ہے آئینہ
آئینہ ایکدم نہ ٹھہیرتا سری حضور

مشاطہ اپنی لوسبی گی تو ادب
سرکھتے تجھسی کی اپنی طور سے
پالہنکی نسبت لوری کی آئینہ

اچھا تجھی جب تیکی زلفوی آئینہ
نظر تیکی لیکے تجھ دیکھوں آئینہ

غرض بنفشہ اپنے وقت پر مقابہ اور سنگاردانی لیکر روح افزا کی پاس جا کر حاضر ہوئی پہر کنگہی اور چوٹی کرکر
آئینہ جو اوسنکے ہاتہہ مین دیا شہزادی کی نظر جو اوسکی پشت پر جا پڑی نوشتہ دیکہا اور پڑہا اوسکو
پڑہکے معلوم کیا ہر چند سا قسم اوسکا بہرام کے سوا کوئی نہین لیکن اسبات کو اسطرح دریافت کیجئے تا اوسکے
اپکا یقین ہوجاے اور دغدغہ دلمین نرہے مشاطہ سے یون مخاطب ہوئی ای بنفشہ وہ چیز ہمیشہ ہے
وہ کیا ہے اور وہ شئے جو مدام غم کے ساتہہ ہے کون شئے ہے اوسنے ہر چند غور کیا لیکن جواب
معقول نہ سوجہا عقل کہ اسکا جواب لونڈی کل دیگی اسوقت خفا کیجئے کیونکہ کچہہ آئی نگر اس
پہیلی کی بوجہنے مین نہایت متفکر تہی اوسکی گہرائی صورت بہرام نے دیکہکر پوچہا کہ آج اتنی بیحواس
کیون ہو تب بنفشہ نے سوال روح افزا کا اوسکے سامنے بیان کیا اور کہا مجکو اسکے جواب مین کچہہ نہین سوجہتا
یعنی اوس حکیم مطلق کا نیرنگ مدام ہے اور شادی غم سے وابستہ مدام ہے بہرام نے یہ سنکر کہا اس
سوال کا یہ جواب ہرگز نہین بلکہ یہی حسن عاشق کے منہ پر معشوق کے ہاتہہ کی طمانچے لگے ہین وہ ہمیشہ خوش
ہے اور مدام ناخوشی سے انکا کام وہ ہے کہ جسکا مطلوب محبوب ہے اور وہ ہر ایک کے اپنا محبوب سمجہتا ہے
نقل مشہور ہے کہ مجنون سے پوچہا کہ خلافت پیغمبر کی بعد خلفای راشدین کی حق کسکا تہا اوسنے
جواب دیا کہ لیلی کا القصہ بنفشہ نے اوسکا جواب دیا تہا صبح کو روح افزا کی حضور مین جا کر عرض کیا
سنتے ہی اوسکو بہرام کے اسکا یقین ہوا اور بنفشہ سی پوچہنے لگی سچ کہہ یہ جواب کسنے دیا اوسنے ہر چند کہا کہ انکو
میرے خیال مین گذرا تہا لیکن پری نے ہرگز نمانا بنفشہ نے مجبور ہوکر کہا کہ سمندر پری اپنی منہ بولی بہن کو اس
سرزمین کی سیر کے واسطے میری گہر مین چہوڑ گئی ہے اوسنے یہ جواب مجہکو سکہایا ہے روح افزا
نے کہا اوسکو ہمارے پاس کبہی نہ لائی بہلا آج تو اپنے ساتہہ لے آئیو ایک نظر مین بہی دیکہون اوسنے
کہا بہت اچہا اوسکی اور میری دونون کی سعادت ہے چنانچہ شام کے وقت بہرام کو پہنا اوڑہا کے
اپنے ہمراہ لیگئی روح افزا نے دیکہتے ہی پہچان لیا کہ بہرام ہے لیکن اغماض کیا اور کچہہ متوجہ ہوے

وہ سمجھا کہ اسنے ابتک مجھے نہین پہچانا شاید اپنی کی پشت نہین دیکھی اور میرا لکھا ملاحظہ نہین کیا قصہ کوتاہ جب
بنفشہ چوٹی گوندھ چکی شہزادی نی آئینہ مانگا بہرام نے جلدی سی اوٹھا کر پشت کیطرف سی اوسی دکھایا
وہ غنچہ دہن بی اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑی اور بنفشہ سی کہنے لگی کہ ای تمہاری بہن نہایت کورے ہے کہ ابتک
آرسی کی پشت و رو نہین جانتی آجکی بات اسی پنہان چہوڑا جاوے ہم اسکے ساتھ نہین بولین چالین گی پر گئے اوس نے
عرضکی میری عین خوشی اور اوسکی ہمراسر سرافرازی ہے یہ کہکر وہ تو اپنے گہر آئی اور یہ دلارام کی خلوتخانہ مین
رہا لیکن شبا گہ بہرام زنانہ لباس مین بیٹھا تو ہرگز اپنی معشوقہ سے آشنا علیحدہ ملتا اور اپنی مطلب کو نہ پوچھتا فی
الواقع جو عاشق کہ معشوق کا نزدیک رہتا ہے معشوق خود عاشق اوسکا ہو جاتا ہے چنانچہ پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم نے بھی اس وضع کا کلام فرمایا ہے حاصل اسکا یہ ہے کہ خصایل خدا کی پیروی کرو تا قربت
اوس سے حاصل ہو جب امور عالم کے انتظام دینے والون نے نقاب ظلمات سے چہرہ روز کو چھپایا اور
چادر مہتاب کا فرش نورانی سطح زمین پر بچھایا روح افزا بیدین کی مجلس سے اوٹھکر خلوتسرا مین آئی بہرام کو
چپ بیٹھا دیکھکر اوس آشنا صورت نے اجنبیون کیطرح سررشتہ سخن کا نکالا کہو بی تمہارا نام کیا ہے اوسنے
کہا کہ جو ننگ و نام تو مجہسے کبکا چہوٹ چکا ہے تیری نام کے سوا کچھ یاد نہین شہزادی نے پوچھا
یہان کس واسطے آئی ہو جواب دیا کہ پروانی کیلئے آپکا سبب شمع ہے مجہکو بھی روشن ہو گیا تب پوچھا بہرام کی
یہ شوخی کی باتون سی تو بہت محظوظ ہوئی لیکن ظاہر مین ترشرو ہوکر بولی ای مکار عیار تیری
باتون سی مین نی پہچانا کہ تو رنڈی نہین بلکہ مرد واسطے ہے بہکل نکالکر یہان وارد ہوا ہے ناموس کو برباد کیا
دیکھ پہلے اس میں ایسا کہ ہی نسرا دیتی ہون اور گستاخی کا بدلا لیا لیتی ہون مہ ناکردہ کاریش اور نوش نیچ اور
حلاوت مو قنفِ شہا از زبانک جبید اوسپر کیسے تھے اوسکے علاوہ ملاپ کا صدمہ آگے اوٹھا
چکا تہا وہ نازکی باتون کو سچ سمجھا یقین ہوا کہ اب پہر ہاتھ نہ آوینگا اور نکالا جاؤنگا ماری ڈر کی تہر تہر
کانپنے لگا اور اس شعر کو پڑہکر بیہوش ہو گیا شعر قتل کر تیری آگے مرنا ہے بہتر کہ دور زندگانی پہر تو پریزاد سہم گئی

کہا وا ڈہسے اسکی جانب آئیے اور جفا کار وئین میرا نام لکہا جائے بے اختیار دوڑ پڑی اور سر اوسکا
اپنے زانو پر رکہکر نرخ گلفام کی بو یہانتک سونگہائی کہ اوسکو پہر ہوش مین لائی القصہ اگر اپنی تو عقل کو
حاکم ہون سہی زیادہ نہ چمکائیگا تو تجلی یا سہی فایدہ نہ پائیگا اگر تو یہ ہستی موہوم نہ چہوڑے تو حباب اپنی
کب تیری پاس آئی جو راہ عشق مین آپسے نہ گذرا وہ منزل مقصود مین کب پہنچا القصہ بہرام نے
جو آنکہہ کہولی تو اپنا مرتبہ بہ رنگ گل دیکہا اور محبوبہ کا مثل بلبل ماری خوشی کی پہول گیا اور کلی پہلی باہر
پہول گیا پہر تو پی کہتلے اپنے ہونٹہہ کہ شاید گلبرگ تہی اوسکے دہن سی کہ غیرت غنچہ یاسمن تہا ملا اور خوب
مزی اوڑائی از بسکہ وہ گل چین بہی اشتیاق مین بہری ہوئی تہی آپکو روک نسکی گہہ ہی گئی آخر نسیم نے کلی کو
بنایا اور آپس مین نئی نئی طرح سے لطف اوٹہایا روح افزا کا جی لگا کہ ایکساعت اوس ہی جدا نہو اور شوریدہ ہوا
پہر یہ ارادہ کیا کہ اسکو حرز جان کیطرح گلی سے لگائی رکہی مگر دشمنونکی نظر سی چہپائی کہی آخر ایک طلسم اوسکے
گلی مین باندہا اور قمری بناکر ایک سونیکی پنجرے مین رکہا پہر تو وہ سرو گل اندام روبرو لٹکائی رکہتی تہی اکیلے پنجرے سے
نکال کر پہر آدمی بنالیتی تہی اور صبح تک اوسکی صحبت سی انواع و اقسام کی کیفیتین اوٹہاتی عرصہ تک اسطرح گذرے
اور یہ بات چہپی رہی آخر عشق اور مشک بنظاہر ہوئے نہین رہتا کچہ بو باس پہیلی حسن آرا تک پہنچی اکیدن
نور کے تڑکے اوسکی سن گن لینے آئی جب روح افزا کی پاس آنکلی دیکہا کہ اوسکی زلف مشکین کا طور بیطور ہے
سیب زنخدان کا رنگ اور ہے نسرین رخسار کی نکہت گل سی اور نرگس بیخواب کی کیفیت جام سی دیکہی
چوٹی کی لٹ اور طرح کہلی پائی اور انگیا کی صورت کچہ اور ہی نظر آئی سمجہی کہ اسکا یاقوت کسی الماس سے
مقدور کندہ ہوا ہے اور جوبنکا نیلم کا بلا شبہ اسکے پنجے کو لگا دوڑ کر غصے سے ایک دوہتہڑ منہ پر مارا
اور کہنے لگی ای علامہ گل کا نام ڈبو دیا کیا غضب کیا تو نے کنوارپنے مین کسسے آنکھ لگائی تجہی غیر مرد سے
حیا نہ آئی حیف تیری زیست پر چہینی بہر پانی مین ڈوب مر تیری رسوائی کا نقارہ بج گیا تو نے باپ کا نام ڈبایا
سچ بتا کہ یہ ماجرا ہے نہین تو تیرا گلا گہونٹ ڈالونگی اور جیتا نہ چہوڑونگی روح افزا مارے ڈر کے تہر تہرا گئی

تھی اور کہتی تھی اماں مجھی تمہاری سر کی قسم جو میں نے کسی مرد کو بھی دیکھا ہو تو آنکھیں پھوٹیں یہ فقط
تہمت ہے اور صاف بندش ہے تم کیسی ماں ہو کہ بیٹی کو عیب لگاتی ہو اور لوگوں کے کہنے سننے پر جاتی ہو غرض
وہ ہر چند سخت سخت قسمیں کھاتی ہیں اور بہتیری باتیں بناتیں لگاوٹ کی باتیں کیا بلکہ درپے ہوئی کہ چور نے
اس گھر میں کو نقب دی ہے اور اسے پکڑا چاہئے اور اسی طرح شہر کو ڈھونڈا ہے شہر اور جاسوسوں عیاروں نے
زمین و آسمان کو ڈھونڈ مارا لیکن کھوج نہ پایا جب کسی نے کہا العزیز تو عرش پر کسکے ڈھونڈنے کا
ارادہ رکھتا ہے جو تیرے خانہ دل میں ہے اوسکی تجھے خبر نہیں واہ واہ ورد کا دھیان اور تشر دیکھ
آپہی انجان شعر کون ہے گھر میں جب اتنی بھی نہیں تجکو خبر تو پھر تو کیا جانے کیا ہے اوج بام
چرخ پر ۞ القصہ حسن آرا نے حسب ٹوٹکے روح افزا کی خواصوں کو دھمکایا اور ظفر شاہ کے غضب
ڈرایا جب ایک خواص کہ اوسکا نام گلرخ تھا اوسکی نزدیک آکر اوس کو ایسی کہ اس خلوت اکا بھید پھر
کیونکر کھلے وہاں تک لگاتا ہے دیدہ باں بنا شعر اوسکے منہ کے دیکھنے کو دیدہ دل چو نہ چشم ظاہر بند
ہاری دیدار سکتی ہے کب ۞ لیکن انھوں صاحبزادی صبح و شام اس قمری سے مشغول رہتی ہی
اور اوسکے پنجرے کو ایکدم آنکھ سے اوجھل نہیں کرتی ظاہر میں تو یہ پرندہ ہے اور باطن کی ہمکو خبر نہیں بس اپنا
ہار یہ قیاس آگے نہیں اور سکتا کہ اور کچھ ہو یا چھپاتی ہے اسکی کنیز سمجھ سے اے ناداں سبب
اتنا وہ روح سبزہ زار دنیا کی سیر کرتا ہے جب تک یہ مرغ طلسم عناصر اسکے گلے میں پڑا ہے اور قفس وجود
میں طوق بندگی اوسکا گلو گیر ہے چشم ظاہر میں مشت خاک کے سوا کچھ نہیں دیکھتی جس دن یہ طلسم ٹوٹ گیا
حقیقت اوسکی کھل جائیگی کہ وہ کون ہے اور یہ رنگ کیا ہے چنانچہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بھی
فرمایا ہے جب لوگ نیند سے جاگیں اس حال سے آگاہ ہونگے وجود مطلق ایک دریا ہے اور ہر موجود مثل حباب ہے
جیسا حباب بنتا ہے اور ٹوٹتا ہے [illegible] کے سوا کچھ نہیں [illegible] اصل میں وہی دریا ہے لیکن فرق مرتبہ کا
[illegible] حباب [illegible] اور [illegible] حباب اور قطرہ تو قطرہ کہتی ہیں اور [illegible] گوشت پوست [illegible]

اور جنت کو بہشت شعر سپہر میں ہے اور یہی حکم وجود ہے جو زندیق ہے جو حفظ مراتب نکرے تو وہ واقعی
مسئلہ وحدت وجود کا مشکل ترین مسایل ہے بہتیرے اس بحث عمیق میں ڈوبکر مذہب جبری کے بھنور میں جا
پہنسے اور اکثر مسلک دہری کے گرداب میں ڈوبے ہادی یہاں فضل الٰہی اور کرم رسالت پناہی کی
سوا اوسکی نہیں قصہ کوتاہ حسن آرا نے روح افزا کی لشکرگاہ میں جا پہنچکے تو اوتار اسپ
اور اسبابہ لیجانیکا کیا روح افزا اوسکو شاہین سے جنگل میں دیکھکر کلیجہ پکڑ کر رہ گئی نہ سہی تو ارسے
ملاقی ہوا تسلی ہو مطابہ روح قفس تن میں تڑپنے لگا ہر چند سر پٹکا لیکن قضا و قدر کی ہاتھ سے چھوٹا
غرض اوس پی پردہ روح قفس لے اوڑی اور مظفر شاہ کی روبرو اوسکا پنجرہ جا کر کہا یا شاہ نے نکالکر اوسکے
بال و پر تمام نوچ ڈالے آخر گلی سے چھپا ہاتھ پڑا تو ایک تعویذ بندھا نظر آیا اوسکو کھولا پھر آدمی ہو گیا حاضرین
مجلس سخت متعجب ہوئے شاہ آتش غضب سے جلکر کباب ہو گیا اور کہنے لگا ای بد ذات نابکار تو غضب
سلطانی سے نہ ڈرا اور اپنی جی میں کچھ نہ سوچا سچ کہہ اس صحرا میں تجھے کون لایا اور بادشاہوں کے محل
تک کسی تجھے پہنچایا اس ڈھٹائی اور بے پروائی کا ثمرہ تو ہلاکت کی سوا کچھ نہ پائیگا اور اسکی سزا میں مارا
جائیگا بہرام بولا عاشقونکا یہی جذبۂ اشتیاق ہے اور انہیں کی سزاوار تکلیف مالایطاق ہے عشق کی
وہ نہ سمجھیں نہیں کہ تو کی آپ کو پاؤں میں ڈالے اور با اختیار گرفتار ہو عاشقون نے رشتہ رشتہ
اختیاری تو ہی اور بی اختیاری سے جوڑا ہے جسنے زندگی سے ہاتھ دہوئے اوسے موت سے
کیا خطرہ ہے اور جان گئی کیا پروا ہے مگر حسرت یہ ہے جی میں رہیگی اور گور میں جبن خون آنکھوں سے
بہے گی شعر موت سے ہرگز نہیں ڈرتا مجھے غم ہے کہ گالون کی دید سے محروم میں رہجاونگا
آخر مظفر شاہ کا شعلۂ غضب بہڑکا کہ لوگوں سے فرمایا اس آتش کے پرکالے کو جلد شہر سے دور
لیجا کر آگ میں ڈالدو اور جلاکے سیاہ کر دو اتفاقاً تاج الملوک اور بکاولی گلستان ارم کی سیر کو آتے
جس مقام سے جزیرۂ فردوس دیکھ پڑتا تھا وہاں پہنچے جی میں آیا کہ چلو روح افزا کو بھی دیکھ آویں

دونون وہانکی بہی سیر کرین القصہ جزیرہ فردوس کیطرف پہرے اور وہان آنکلے جہان نہایت ازدحام
لکڑیون کا انبار لگا تہا دیکہا بہرام اوسپر بیٹہا تہا بلکہ چارون طرف سے آگ دیچکے تہے جوہین بکاولی نے لوگونکو بہی
دیکہا اور آگ بہڑکی ہوئی اوسی نظر سے تخت اپنا قریب لیجاکر پوچہنے لگی کہ یہ کیا ہنگامہ ہے کوئی بول اوٹہا کہ روح افزا کے
عاشق کو جلاتے ہین سنتے ہی اسبات کی تخت سے اوترکر آگے بڑہکر کیا دیکہتی ہے کہ بہرام ہے فی الفور بکاولی نے کہا
جلد اس آگ کو بجہاؤ اور اس جوان کو نکالو اگر اسکا ایک بال بہی جلا تو سبکے سر جلاونگی بلکہ اوسکا گہر کا گہر
خاک مین ملاونگی لوگ ڈر گئے اور آگ کو بجہا دیا اور بہرام کو نکالکر شہزادیکے حوالہ کیا اوسکو ہمراہ لیکر
ایک باغمین جا اوتری پہر تاج الملوک کو اور اوسیکو وہان چہوڑا آپ مظفر شاہ اور حسن آرا کے پاس گئی جاکے
سلام کیا اونہون نے اوسکا سر چہاتی سے لگایا خیر وعافیت پوچہی اور آنیکی حقیقت بکاولی نے کہا کہ میرا
بے اختیار آنیکا اور یہی جان کے دیکہنے کو جی چاہتا تہا اسکے سوا خیریت ہے لیکن راہ مین عجب ماجرا دیکہا ہے
کہ میرے شوہر کے وزیرزادیکو لوگ جلایا چاہتے تہے اگر مین نہ آتی اور ایکدم کا توقف ہوتا تو وہ جلکر خاک ہو
جاتا اور ماں باپ کو دنیا سے کہو جاتا اگرچہ مرنا سب کا برا ہے خصوصا ایسے جوان شکیل کا فی الواقع یہ تقصیر
ایسی ہوئی تہی لیکن اسطرح کی سزا اب فایدہ نہین رکہتی جو کچہہ ہونا تہا سو ہوچکا ہے پہر عرض کیا کہ آپ
نے اوسی مارڈالا لیکن کلنک کا ٹیکا تو نہ مٹے گا اب تو سب جانتے ہین پہر ہزارون جانینگی اس سے بہتر یہ ہے
کہ اوسکی تقصیر معاف کیجیگا اور روح افزا کو اوسکے ساتہہ بیاہ دیجیے کیونکہ بہرام نہایت طرحدار اور
قابل ہے کچہہ اسمین مضایقہ نہین وزیر اور بادشاہ مین ہمیشہ سے رشتہ ہوتا اور جو انسان کو آپ
حقیر جانتے ہین تو پہر مجہکو کیون تاج الملوک کے ساتہہ بیاہا ہے اور بیٹی مین کیا فرق ہے مظفر شاہ نے یہ
باتین سنکر سر جہکا لیا اور کہا بہت بہتر مختار ہو پہر وہان سے روح افزا کے پاس آئی دیکہا کہ وہ آنکہون مین
آنسو بہرے سر جہکائے منہہ بنائے بیٹہی ہے ہنسکر کہنے لگی واہ واہ ری کہس کے کہان جاکر سرنگ لگائی تہی
ٹہکانا لگیا تجہے اور دور سے تیری ویسے بس اوٹہہ کہڑی ہو دل کہولکر ملو اور ہمیشہ عیش کیجیو روح افزا نے

باتوں سے سمجھا کر اوسکو بٹھایا اور بلائیں لیکر گلے سے لپٹ گئی تا کہ بات تو بکاولی وہاں ہی صبح کے وقت روح افزا کو
مظفر شاہ اور حسن آرا کے پاس لیگئی تقصیر معاف کروائی پھر اوسکو باتوں میں بٹھا کر تاج الملوک اور بہرام کو لیکر
خجستہ ارم میں جا کر پہنچے اور سب ماجرا من و عن اپنے ماں باپ کو گوش گزار کیا پھر اونسے درخواست کی کہ وہ جیسے
دہوم سے تاج الملوک کو بیاہنے آئی تھی اسیطرح تم بھی بہرام کو بیاہنے چلو اور کوئی دقیقہ فرو گذاشت نکرو جیسا کہ
اونہوں نے ویسی ہی مہمانداری اور تیاری اندر باہر کی اور تجمل سے بہرام کو خلعت شاہانہ اور جواہر پہنا کے پہولوں کا
سہرا باندہکر بیاہنے کو فوج سمیت فردوس کو روانہ ہوئی وہانکی تیاری کا کہنا کیا ہے یہی کہ بیاہ کا تجمل زبان کیا
بیان کرے اور قلم کب لکھ سکے غرض مظفر شاہ کیطرف کے لوگوں نے براتیوں کو اور دولہا کو پیشوائی کر نہایت تعظیم و
مجلس نشاط میں لے آئے اور تمام سواریوں کو اوسی مجمع سے اوتروا کر بڑی تعظیم اور تواضع سے حسن آرا کی
دار مجلس نشاط میں بٹھایا پھر رات تک اندر باہر ناچ راگ کی صحبت رہی آتشبازی انواع و اقسام کی چھوٹی
خاندان کی رسمیں کے موافق اوس پری پیکر کا نکاح اوس شکر قمر کے ساتھ بندھوایا ہار اور پان دینے کے بعد
رسم و رسوم کیواسطے محل میں بھجوایا بکاولی بھی بہنوں کی طرح بہرام کے ساتھ گئی اور ٹوٹکے کرتی ہوئے
اوسکی طرف سے خوب جیسے پھر آرسی مصحف دکھایا اور دولہا کو دولہن کو جوٹھا شربت پلایا اوسکے بعد مظفر شاہ
اور حسن آرا نے روح افزا کو بہت سا جہیز و نقد و جنس لونڈی غلام دیکر بہ تجمل تمام رخصت کیا برات کو
رونق سے فیروز شاہ اور تاج الملوک لیے ہوئے شاد و خرم خجستہ ارم میں داخل ہوگئے وہاں قبل سے
بکاولی اور تاج الملوک روح افزا اور بہرام کو اوسی طمطراق سے ایک ملک نگارین کو روانہ ہوئے تھوڑے عرصہ میں
جا پہنچے پھر بہرام کے ماں باپ کو بلوا کر تمام قصہ کہکر سنایا اور دونوں کا دیدار دکھایا وہ بہو بیٹے کو
دیکھکر بہت شاد ہوئے اور بکاولی کے جان و دل سے ممنون احسان ہوگئے من بعد وزیر مجلس نشاط کی وہاں
تیار کی بادشاہ کو بھی بلوا لایا اور جتنے چھوٹے بڑے امیر تھے اونکو بھی بلایا جسقدر اہل طرب شہر میں تھے
اونکو طلب کیا غرض کئے دن

دن تک ناچ رنگ کی صحبت رہی مہانداری بخوبی کی بادشاہ اور بادشاہزادے کے حضور میں سینکڑوں کشتیاں جواہر و پوشاک کی رکھیں اور محل میں بھی اوسی قلیل سے بھجوائیں انعام اور اکرام لوگوں کو بہت سا دیا نقد و جنس بشیار بیشمار بعد اسکی حضرت اعلیٰ قلعہ مبارک میں تشریف لیگئے سب مہمان بھی رخصت ہوئے بکاولی نے حمالہ کو کہلا بھیجا کہ جلدی میرے باغ اور محل کو اوکھڑوا کر یہاں سے لے آؤ وہ دو چار ہی دن کے عرصہ میں لیکر پہنچے فی الفور متصل اپنے دولت سرا کے نہایت آراستگی کے ساتھ قایم کر کے روح افزا اور بہرام کے حوالے کیا الحمد للہ خدا کے فضل سے سب شاد ہوئے اور بخوبی آباد ہوئے

اشعار

تو جس شب کہ بیاہ کر لایا دلہن شاد	ہماری بھی دی یا الٰہی مراد	یہ قصہ ہوا جب بخوبی تمام
تو پھر فکر تاریخ تھی صبح شام	یکایک سنی میں نے آواز غیب	کہی مذہب عشق تاریخ نام
تاریخ عیسوی سے	ہوئی پھر یہ خواہش کہ کلک زبان	کریں عیسوی سال کو بھی بیان
تو پھر ہاتف غیب نے دی صدا	کرانے بہ عشق میں کوئے آ	کہ ہے شہر جام کر اختیار
	نور از نہان و سبب آشکار	

الحمد للہ کہ یہ نسخہ خوش اسلوب داستان مرغوب مسمی بہ مذہب عشق

معروف گل بکاولی مطبع فلنکس پریس

واقع شاہجہان آباد متصل کشمیری

دروازہ باہتمام منشی ... ماہ اپریل ۱۸۶۳ ... طبع ہوا

صحیح ... نظامی ...

حسب فرمایش لالہ ... تاجر کتب دہلی